مشکل میں یادِ حضرت مشکل کشا رہے
کرب و بلا میں یادِ شہِ کربلا رہے

نامِ علی زباں پہ جو وقت قضا رہے
تلخی کے بدلے شہد کا منھ میں مزا رہے

ہر روز روزِ عید ہو ہر شب شب برات
نام علی کا ورد جو صبح مسا رہے

مولودگاہ قبلۂ دنیا و دیں کی ہے
کیونکر نہ کعبہ قبلۂ اہلِ صفا رہے

مشکل تو کیسی سایۂ مشکل نہ پڑنے پائے
جس شخص پر کہ سایۂ مشکل کشا رہے

تعویذ اسمِ اعظمِ حیدر ہو جس کے پاس
دور اُس سے صدمۂ و غم و رنج و بلا رہے

---

[1] تلخی - کڑواہٹ

یا رب بحرمتِ شہِ کرب و بلا کبھی

رنج و الم ہو مجھ پہ نہ کرب و بلا رہے

اے ربِّ پاک ازپئے آلِ رسولِ پاک

شاداں سدا زماں میں برہان الہدی رہے

یا رب سرِ حسینی پہ بہر حسن حسین

ظلِ ظلیلِ دامنِ اہل الکسا رہے

---

۱ ازپئے – واسطہ سي

۲ شاداں – خوش